11/01/2025

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفائی سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی کل نوجوانوں کے قومی دن کے موقع پر، نوجوانوں کی مثالی شخصیت اور بھارت کے ایک عظیم روحانی پیشوا سوامی وِویکانند کے یومِ پیدائش کے موقع پر نئی دلّی میں شرکت کریں " Young Leaders Dialogue 2025 کے بھارت منڈپم میں، ''وِکست بھارت گے۔ مذاکرات کے دوران وزیر اعظم ملک کے 3 ہزار نوجوان رہنماو

---

ں سے بات چیت کریں گے۔ۓ

وزیر اعظم، اِن مذاکرات میں شامل ہونے والے افراد کے، دس موضوعات پر تحریر کردہ کچھ بہترین مضامین کے ایک مجموعے کا بھی اجرا کریں گے۔

ملاقات

نارتھ جموں اسمبلی حلقے سے قانون ساز اسمبلی کے رکن شام لال شرما نے کل راج بھون جموں میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

سنہا خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سابق وزیر اعظم شری لال بہادر شاستری کو ان کی برسی کے موقعے پر خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ شاستری جی نے قوم کی ترقی اور بہبود کے لیے تبدیلی لانے والی اصلاحات کیں۔ ایل جی نے کہا کہ ان کے نظریات ہمیں ایک خوشحال اور خود انحصار بھارت کی طرف تحریک بخشتے رہیں گے۔

ستیش شرما

یوتھ سروسز اینڈ ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے قاضی رنگا، آسام میں اِن لینڈ واٹر ویز ڈیولپمنٹ کونسل کی دوسری میٹنگ میں شرکت کی۔ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے وزیر مملکت شانتنو ٹھاکرکے علاوہ دیگر ریاستوں کے وزراءاور سینئر عہدیداروں کی موجودگی میں تقریب کی صدارت کی۔

تقریب کے دوران، مرکزی وزارت نے جموں و کشمیر کے لئے آبی سیاحت سے متعلق مختلف ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا ۔ اس موقع پر وزیر ستیش شرما نے جموں و کشمیر کو خصوصی پروجیکٹوں سے نوازنے پر شکریہ ادا کیا۔

جاوید رانا

جل شکتی ، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے بٹھنڈی جموں میں کئی مقامات کا دورہ کیا تا کہ مقامی لوگوں کی ترقیاتی ضروریات کا جائیزہ لیا جا سکے ۔

وکرم رندھاوا بھی تھے ۔انہوں نے مقامی لوگوں سے بات چیت کی MLA ان کے ہمراہ اور ان کے مسائل سُنے ۔

انہوں نے متعلقہ افسران کو بنیادی سہولیات اور دیگر اہم عوامی مسائل سے متعلق مسائل کو حل کرنے کی ہدایت دی ۔

DIG

DIG
ساو

---

تھ کشمیر رینج جاوید اقبال متو نے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز اننت ناگ میں ایک جدید ترین ڈاگ ٔ سندیپ چکرورتی اور G.Vاننت ناگ ڈاکٹر SSP کی سہولت کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر Kennel موصوف نے کہا کہ یہ اقدام ضلع کے DIGپولیس کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔ پولیسنگ انفراسٹرکچر اور آپریشنل تیاری کو مضبوط بنانے میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

فسٹول

شوپیاں قصبے سے تقریباً بیس کلومیٹر دور مغل روڈ کے متصل واقع دبجن گاو

---

ں کے برف سے ڈھکے ہوئے میدانوں میں دو روزہ ہیمال- ناگرائی سرمائی کارنیول آج سے ۂ شروع ہو گیا ہے۔ ہمارے شوپیان کے نمائندے جان نثار احمد نے خبر دی ہے کہ کارنیول میں مختلف تفریحی سرگرمیاں اور ثقافتی پروگرام بھی پیش کئے جا رہے ہیں۔

اُدھر کپواڑہ ضلع میں بھی آج لولاب ونٹر فیسٹیول- 2025 منعقد ہو رہا ہے۔ کپوارہ سے ہمارے نمائندے رفیق احمد نے خبر دی ہے کہ فسٹول کے دوران مقامی مصنوعات، دستکاری اور شاندار ورثے کی نمائش کی جا رہی ہیں ۔

سرینگر

ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے صنعت نگر میں منشیات کے اِستعمال سے متاثرہ نوجوانوں کے لئے قائم ہونے والے رِی ہیبلٹیشن اینڈ کونسلنگ سینٹر کی پیش رفت کا متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جائزہ لیا ۔

کی سہولیت کو جلد از جلد فعال OPD کمشنر موصوف نے اَفسران کو ہدایت دی کہ وہ سینٹرمیں کرنے کے لئے ضروری اَقدامات کریں ۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے چیف ایگریکلچر آفیسر کی موجودگی میں 17 کاشت کاروں کے ایک گروپ کو پنجاب ایگریکلچر یونیورسٹی کے سات روزہ ایکسپوزر ٹور کے لیے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد زرعی شعبے میں ہنر مند انسانی وسائل کو تیار کرنا اور پائیدار کاشتکاری کے طریقوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

بڈگام

سیچوریشن پروجیکٹ کے تحت کندَجن، ناگبل اور یوسمرگ Gڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے 4 ٹاورز کا معائنہ کیا ۔ G BSNLعلاقوں کا دورہ کر کے وہاں نصب کئے گئے 4

انہوں نے متعلقہ محکمونکو ہدایت دی کہ وہ ٹاورز کے حتمی آپریشنلائزیشن میں حائل رکاوٹوں کو دور کریں تاکہ مقامی آبادی کے لئے بلاتعطل رابطے کو یقینی بنایا جا سکے۔

**تجاویز**

**خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔**

****************

**11/01/2025**

**09.20 AM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ سید مبشر رفائی سے خبریں سُنئے**

**امت شاہ**

**مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں منشیات کی اسمگلنگ اور قومی سلامتی پر ایک علاقائی کانفرنس کی صدارت کریں گے۔کانفرنس کا اہتمام نارکوٹکس کنٹرول بیورو کر رہا ہے،جس کا مقصد منشیات کی اسمگلنگ کے بڑھتے ہوئے واقعات اور قومی سلامتی پر ان کے اثرات کو حل کرنا ہے۔ کانفرنس میں شمالی ہندوستان کی آٹھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔**

ملاقات LG

شری کیلاکھ جیوتش اینڈ ویدک سنستھان ٹرسٹ کے صدر مہنت روہت شاستری نے راج بھون جموں میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

کے صدر ڈاکٹر نوانگ ٹنڈوپ؛ بارڈر ویلفیئر Paddar دریں اثناءہمالین بدھسٹ کلچرل سوسائٹی کمیٹی آر ایس پورہ کے صدر گرمیت سنگھ باجوہ اور ہیلتھی اینڈ ڈرگ فری یوتھ ایسوسی ایشن اور آل انڈیا ینگ بلڈ آرگنائزیشن کے ایک مشترکہ وفد نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

ستیش شرما

یوتھ سروسز اینڈ ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے قاضی رنگا، آسام میں اِن لینڈ واٹر ویز ڈیولپمنٹ کونسل کی دوسری میٹنگ میں شرکت کی۔ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے وزیر مملکت شانتنو ٹھاکرکے علاوہ دیگر ریاستوں کے وزراءاور سینئر عہدیداروں کی موجودگی میں تقریب کی صدارت کی۔

تقریب کے دوران، مرکزی وزارت نے جموں و کشمیر کے لئے آبی سیاحت سے متعلق مختلف ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا۔ اس موقع پر وزیر ستیش شرما نے جموں و کشمیر کو خصوصی پروجیکٹوں سے نوازنے پر شکریہ ادا کیا۔

ٹنل

سرینگر ۔لیہہ قومی شاہراہ پر گاڑیوں کی آوا جائی میں آسانی اور معقولیت لانے کیلئے تعمیر کی گئی اہم سونہ مرگ ٹنل کا عنقریب ہی وزیر اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں افتتاح کیاجا رہا ہے ۔یہ پروجیکٹ وادی کی سرمائی سیاحت اور اقتصادی ترقی کیلئے کلیدی نوعیت کا پروجیکٹ مانا جا رہا ہے ۔

اس سلسلے میں کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر وائس پریزڈنٹ عاشق حسین شنگلو نے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

...........BYTE...........

ریل

عوامی حلقوں میں کٹرہ اور سرینگر کے درمیان ریل چلائے جانے سے متعلق یہ مطالبہ زور پکڑتا جا رہا ہے کہ جموں اور دلی جانے والے مسافروں کو کٹرہ پر ریل بدلنے سے جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا ، ان کو ملحوظ نظر رکھ کر سرینگر جموں اور سرینگر دلی کے درمیان براہ راست ریل سروس چلائی جائے - اس سلسلے میں KCCI کے سینئر وائس پریزڈنٹ کا کہنا ہے -

------BYTE -----

پولیس

منشیات فروشونکے خلاف کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے اننت ناگ ،سوپور ، پانپور اور کپوارہ سے کئی منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے کافی مقدار میں ممنوعہ نشیلی مواد برآمد کیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے کچمولہ ترال کے جاوید شیخ نوگام سرینگر کے محمد الطاف شیخ، چرسو اونتی پورہ کے صادقپرے، باہو اونتی پورہ کے جاوید شاہ، نورباغ بارہمولہ کے شاکر شیخ، لچی پورہ ہندواڑہ کے فاروق ڈار ،ہلمت پورہ کپوارہ کے اشرف خان اور ارشاد ڈار نامی منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے -

کولگام

پولیس کے تعلقات عامہ کو مضبوط بنانے اور لوگوں کے مسائل حل کرنے کے مقصد سے کولگام میں پولیس نے پولیس اسٹیشن ڈی ایچ پورہ، کنڈ، پولیس پوسٹ نویگ ٹنل، نہامہ، میربازار اور شمسی پورہ میں پولیس کمیونٹی پارٹنرشپ گروپ میٹنگوں کا انعقاد کیا - جن میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی -

اطلاع

JAKLI کی 161 ویں انفنٹری بٹالین میں بھرتی کے لئے مشترکہ داخلہ امتحان کل یعنی 12 جنوری پبلک اسکول Sunrise کو لیا جا رہا ہے - اس سلسلے میں پہلے مرحلہ کے منتخبہ امیدواروں کو کِچہامہ بارہولہ میں صبح چھ بجے رپورٹ کرنے کے لئے کہا گیا ہے -

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ ڈرائیورونکو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط پر عمل کر کے اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔

تاہم سرینگر سونہ مرگ روڈ، بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

**تجاویز**

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

**درجہ حرارات**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ